12-1

کلیاتِ حفیظ تائبؒ

حمد و نعت

حفیظ تائبؒ

Marfat.com
Marfat.com

کلیاتِ حفیظؔ تائبؔ

حمد و نعت

حفیظ تائبؔ

القمر انٹرپرائزز اردو بازار رحمان مارکیٹ لاہور

Marfat.com
Marfat.com

خوبصورت، معیاری کتابیں

القمر انٹرپرائزز

اہتمام: محمد عبداللہ صدیقی

84067

جملہ حقوق محفوظ

طبع اوّل: اپریل 2005ء

مطبع:

قیمت: 500 روپے

Marfat.com
Marfat.com

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

کشف الدجیٰ بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ

صلوا علیہ وآلہٖ

منظوم ترجمہ

ہوئے کمال سے اپنے وہ فائز رفعت
چھٹی جمال سے اُن کے تمام ظلمتِ شب
خصائل اُن کے سبھی خوب اور پسندیدہ
درود بھیجیں نبیؐ پر اور اُن کی آل پہ سب

Marfat.com
Marfat.com

حفیظ تائب فاؤنڈیشن

حضرت حفیظ تائب نے حمد ونعت کی تخلیق وتالیف اور ترویج واشاعت کے لیے قابل رشک کارنامے سرانجام دیے ہیں۔ان کے فیضان کو عام کرنے اوران کے صدقاتِ جاریہ کومزید ثمر آوراور دُوررس بنانے کے لیے ایک مستقل ادارے کے قیام کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی چنانچہ ۲۱ نومبر ۲۰۰۴ء کوالفاطمہ ۹۱-رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن میں ایک خصوصی اجلاس میں حفیظ تائب فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں آیا۔ اس فاؤنڈیشن کے چیئرمین اتفاق رائے سے جناب عبدالمجید منہاس منتخب ہوئے۔تاسیسی اجلاس میں اس فاؤنڈیشن کے درج ذیل اغراض ومقاصد طے پائے:

i) جناب حفیظ تائب علیہ الرحمہ کے غیر مطبوعہ/غیر مدون تصنیفی کام کی تدوین کرنا۔
ii) حضرت حفیظ تائب کے مطبوعہ تصنیفی کام کی حسب ضرورت طباعت واشاعت کے لیے اقدامات کرنا۔
iii) جناب تائب کے مشن کو جاری رکھنے اور اسے وسیع تر بنیادوں پر مستحکم کرنے کے لیے مناسب مواقع پر اجلاس منعقد کرنا۔
iv) حضرت حفیظ تائب کی شخصیت اور ان کے فن پر تحقیقی اور تصنیفی کام کرنے کے لیے تشویق وترغیب کی فضا پیدا کرنا اور ایسی خدمات سرانجام دینے والوں کی مدد اور حوصلہ افزائی کرنا۔
v) مختلف زبانوں میں حمدیہ اور نعتیہ موضوعات سے متعلق معیاری اور قابل حفاظت تخلیقی اور تصنیفی کام کی تکمیل' طباعت اوراشاعت میں تعاون کرنا۔
vi) حمد ونعت اور دیگر متعلقہ موضوعات کے بارے میں کتب وجرائد پر مشتمل ایک وسیع کتب خانے کا قیام وانصرام کرنا تاکہ حمد ونعت کے موضوع پر تخلیقی اور تحقیقی کام کرنے والوں کو مطالعہ کی سہولت بہم پہنچائی جاسکے۔

''دین وادب سے وابستہ ارباب خیر سے التماس ہے کہ وہ اس مبارک فاؤنڈیشن کی حمایت اوراعانت میں بھرپور حصہ لیں۔''

Marfat.com
Marfat.com

فہرست

تقدیم	21
حمد و مناجات	35
کس کا نظام راہ نما ہے افق افق	37
یارب! ثنا میں کعبؓ کی دلکش ادا ملے	39
جو اسمِ ذات ہو یدا ہُوا سرِ قرطاس	41
حمد کب آدمی کے بس میں ہے	45
زباں پر ہے نام اُس حیات آفریں کا	46
الٰہی شاد ہوں میں تیرے آگے ہاتھ پھیلا کر	48
تو خالق ہے ہر شے کا یا حیّ یا قیوم	50
پرچمِ حمد اڑاتا ہوں میں	52
زمانے پہ چھائی ہے رحمت خدا کی	54
ربِّ کعبہ! کھول دے سینہ میرا	56
یارب! ملی مجھے یہ نوا تیرے فضل سے	58
دیں سکون تیرے نام یا عزیزُ یا سلام	60
اللہ تعالیٰ ہے جہانوں کا اجالا	62
موجود بہر سمت ہے اک ذاتِ الٰہی	64
خدا کے نام نامی سے سخن ایجاد کرتا ہوں	66
کھل جائے مجھ پہ بابِ عنایات اے خدا	68
لائقِ حمد حقیقت میں ہے خلاقِ جہاں	73
تسبیح شب و روز رہے نام خدا کی	75
نام حق سے جو پرچم کھلا احمد کا	77

Marfat.com
Marfat.com

الطاف تیرے خلق پہ ہیں عام اے کریم	79
بھیج سکوں کا کوئی جھونکا	81
پنجابی	
سبھ تعریفاں تیرے لئی نیں سوہنیاں ربا	86
رب سچے دیاں اچیاں شاناں	87
رب تے اوہدے حبیبؐ دی بارگاہ وچ	88
اسم اللہ دا لب تے کھڑیا اللہ اللہ اللہ ہو	90
فجر دے رنگ ثنا تیری کرن یا اللہ	91
اللہ سوہنا اپنیاں صفتاں آپ سناوے	92
اللہ سوہنا کھیت کھیت ہریالی ونڈے	93
سب توں وڈا اللہ سوہنا	94
ربا	96
نعتِ رسولِ مقبول ﷺ	97
آیۂ نور	99
التماسِ کرم بہ حضورؐ تاجدارِ حرم	103
خوش خصال و خوش خیال و خوش خبر، خیر البشرؐ	106
پائی نہ تیرے لطف کی حد سیّدؐ الوریٰ	109
بادِ رحمت سنک سنک جائے	111
دے تبسّم کی خیرات ماحول کو ہم کو درکار ہے روشنی یا نبیؐ	112
اے روحِ تخلیق! اے شاہِ کولاک	114
رہی عمر بھر جوانیسِ جاں وہ بس آرزوئے نبیؐ رہی	116
تج کے بے روح مشاغل اے دل	117
خوشبو ہے دو عالم میں تری اے گل چیدہ	119

Marfat.com
Marfat.com

جلوۂ فطرت، چشمہ رحمت، سیرتِ اطہر، ماشاء اللہ	121
ہر منفعتِ دنیا سے ہوئے ہم مستغنی اللہ غنی	122
نعتِ حضرتؐ مری پہچان ہے سبحان اللہ	123
کھلا باب حرم الحمد للہ	125
نورِ نبیؐ ہے نظارہ گستر اللہ اکبر	126
اے سرورؐ دیں نور ہے یکسر تری سیرت	128
دلوں کی تہہ میں پوشیدہ محبت دیکھنے والا	130
روح میں نقش چھوڑتی صورت	132
منارِ رشد و ہدایت، سحابِ رحمت و جود	134
یوں ذہن میں جمالِ رسالت سما گیا	136
ظہورِ سرورؐ کون و مکاں، ظہورِ حیات	138
ماورائے حدِ ادراکِ رسولِؐ اکرم	139
نامِ رسولؐ سے ہے نمود کمالِ فن	141
انبیاء میں عدیم النظیر آپؐ ہیں	143
خلق کیوں اُس کی نہ گرویدہ ہو	145
عالم افروز ہیں کس درجہ حرا کے جلوے	147
نشاطِ روح خیال محمدؐ عربی	148
غنی ہے شاعرِ نادار اے شہِؐ ابرار	150
کہاں زبان سخنور، کہاں ثنائے حبیبؐ	152
نبیؐ کو مظہرِ شانِ خدا کہیے، بجا کہیے	153
دل بھی کیا ہے بس اک طلب کے سوا	155
زیست کے عنواں اشاراتِ رسولِؐ ہاشمی	156
وقفِ ذکر شہِؐ حجاز رہوں	158
ہجومِ رنگ ہے میری ملول آنکھوں میں	159
خواب ہی میں رُخِ پُرنور دکھاتے جاتے	160

Marfat.com
Marfat.com

رونقِ عالمِ رنگ و بو آپؐ ہیں	161
جس سے ہے بحرِ جاں میں انوار کا تلاطم	162
روح میں کیف ثنا پاتا ہوں	163
رسولِؐ عالمیاں، ذات لم یزل کا حبیبؐ	166
لب پر نبیؐ کا اسمِ مبارک رواں ہوا	168
مہرِ ھُدیٰ ہے چہرۂ گلگوں حضورؐ کا	169
اترے مَلک زمینِ حرم پر ترے حضور	170
کیا مجھ سے ادا ہوں ترے حق ہادیٔ برحق	172
جاں آبروئے دیں پہ فدا ہو تو بات ہے	174
زیست کی روحِ رواں ہے مرے خواجہؐ کی نظر	175
کھِلا گئی ہے بہر سُو نبیؐ کی طبعِ نفیس	176
کب ہوگی شبِ ہجراں کی سحر اے سرورِ عالم صلِ علیٰ	177
تیرا دربار ہے عالی آقا	178
آفاق رہینِ نظرِ احمدؐ مختار	180
شوق و نیاز و عجز کے سانچے میں ڈھل کے آ	182
لائے پیام رحمتِ حق سیّدؐ البشر	183
آیا ہے وفا کی خوشبو سے سینوں کو بسا دینے والا	186
پھر اٹھا ہاتھ بہر دُعا یا نبیؐ	188
تسخیر عرصہ دوسرا آپؐ کے لیے	194
یادِ شبِ اسرا سے جو سینہ مرا چمکا	196
غزوۂ بدر	199
آرزوئے حضوری	201
گنبدِ خضرا کے سائے میں	206
قدموں میں شہنشاہِؐ دو عالم کے پڑا ہوں	209
بارگاہِ نبوی میں جو پذیرائی ہو	210

Marfat.com
Marfat.com

سی حرفی زمزمہ درُود	211
خُلق جن کا ہے بہارِ زندگی اُن پر سلام	220
منزلِ ذات کا	222
نور وظہور	224
مبارک ہو جنابِ مصطفیٰ ﷺ کی آمد آمد ہے	233
ہوا جلوہ گر آفتابِ رسالت زمین جگمگائی فلک جگمگایا	235
صاحبِ خیرِ کثیر ﷺ	236
اے صاحبِ معراج ﷺ	238
بہارِ فکر ہے تذکار خواجہ کولاک	240
یا ایہا المزّمل	245
درود وسلام اُس شہِ انبیاء پر اتارا ہے قرآن جس پر خدا نے	247
زرّیں افق	248
سرنامہ جمالِ مدینۂ رسولؐ کا	249
لب کھلے جب نبی کی مدحت میں	254
اے ہادیٔ دارین مقدّر گرِ آفاق	259
بارگاہِ پاک میں پہنچے ثنا کرتے ہوئے	261
وہ ہادیٔ جہاں جسے کہیے جہانِ خیر	263
جب شامِ سفر تاریک ہوئی وہ چاند ہویدا اور ہُوا	265
سُو بسو تذکرے اے میرِ اُمم تیرے ہیں	267
رحمتِ حق سایہ گستر دیکھنا اور سوچنا	269
گُلوں سے دل کی زمینوں کو بھر دیا تو نے	271
وجد میں آدم ہے اوجِ آدمیت دیکھ کر	273
حسنِ حیات ونورِ بقا اور کون ہے	275
عکسِ عہدِ نبیؐ دکھانے لگے	276
مرکز میرے فکر کا وہ مکّی محبوبؐ	278

Marfat.com
Marfat.com

مہِ صفا کی تجلّیوں سے چمک اٹھا ریگ زارِ بطحا	280
مزاجِ زندگی ہے سخت برہم سیّدؐ عالم	282
پُر کرے گا کون رُوحوں کے خلا یا مصطفیٰؐ	284
رنگ فطرت آپ کے فیضان سے نکھرا حضورؐ	286
مہِ صفا ہو سرِ خواب جلوہ گر اے کاش	288
آپؐ ہیں طغرائے آیاتِ ظہور آقا حضور	290
کتابِ زیست کا عنواں محمدؐ عربی	291
آئے ہیں جب وہ منبر و محراب سامنے	292
جتنی الجھنیں ہیں، جتنی کلفتیں ہیں	294
اعزاز یہ سرکار کی سیرت کے لیے ہے	296
آمادۂ شر پھر ہیں ستم گر مرے آقاؐ	298
یکتا ہے ترا طرزِ عمل احمدؐ مرسل	300
رُوح کی تسکیں ہے ذکر احمدؐ مختار میں	301
اعتبارِ نطق ہے گفتار خیرؐ الانبیاء	302
دنیا کے مسئلے ہوں کہ عقبیٰ کے مرحلے	303
کیوں نہ عالم ہو دریوزہ گر آپؐ کا	304
خلق دیتی ہے دہائی مصطفیٰؐ یا مصطفیٰؐ	305
نورِ نگاہِ خلق ہو، رنگِ رُخِ حیات ہو	306
اے شاہؐ دیں! نجات کا عنواں ہے تیری یاد	307
خوش ہوں کہ میری خاک ہی احمد نگر کی ہے	308
منوّر ہو گیا عالم کا سینہ	309
کس نے پایا ہے جہاں کی رہنمائی کا شرف	311
دلِ محزوں میں یادِ مصطفیٰؐ ہے	312
شرحِ غم ہے اشکِ خونیں اے شہنشاہِؐ مدینہ	314
محبوبِ کردگار ہیں آقائے نامدارؐ	315

Marfat.com
Marfat.com

دنیائے دل ہے زیروزبر سیّد البشرؐ	317
ادراک سے پرے ہے مقامِ شہِ عرب	318
دیارِ محبوبؐ کے مسافر ہمیں دعاؤں میں یاد رکھنا	319
سرچشمہ عطا درِ خیر الوریٰ کی خیر	321
مدینے کی جنت مرے سامنے ہے	323
حاضر ہے درِ دولت پہ گدا سرکار توجہ فرمائیں	325
سامنے ہیں سیّد ابرار اللہ الصمد	326
دلوں کا شوق، رُوحوں کا تقاضا گنبدِ خضرا	327
ہر فصل میں پایا گلِ صحرا تروتازہ	329
نبیؐ کے حسن سے ہستی کا ہر منظر چمکتا ہے	331
آشنا انساں مقام کبریائی سے ہوا	333
اے رب نوا ڈال دے دامن میں نئی نعت	335
خواب میں در کھلا حضوری کا	337
جب ہے مرے آقاؐ کی عطا تازہ بتازہ	340
نعت بھی ہے صورت درود	342
سلام اے ابنِ عبداللہؐ تحیات اے ابو القاسمؐ	345
کس طرح چاند نگر تک پہنچوں	347
جس کا وجود رشد و ہدیٰ کا جمال ہے	349
لفظ کے بس میں نہ تھا عرضِ تمنا کرنا	351
ہر امکانِ ثنا سے ہے فزوں شانِ شہ والاؐ	353
بس گیا چاند حرا کا دل میں	355
صیغہ حمد سے وہ اسمِ شریف	357
پلکوں پہ تھا لرزاں دل دربارِ رسالت میں	359
ملتا ہے بحرِ درد سے دیدۂ نم کا سلسلہ	361
تجلیات کا گلزار مسجد نبویؐ	363

Marfat.com
Marfat.com

انوار سے مہکتی زمیں جنت البقیع	365
حسنِ محبوبِؐ خدا میں گم ہوں	367
دل کو ہے درِ سیّد ابرارؐ سے نسبت	369
اللہ نے پہنچایا سرکارؐ کے قدموں میں	371
نورِ امکاں کا خزانہ درِ والا ان کا	373
شوق باریاب ہو گیا	375
نافذ کرو وجود پہ طاعت حضورؐ کی	377
اشک ہے نامہ بر عقیدت کا	379
عجب مقام بجھاتی ہے نعتِ پاکِ حضورؐ	381
بے رنگ سے دن رات ہیں اے سیّد السادات ؐ	383
خالق کا جو حبیبؐ ہوا کائنات میں	385
قسمت اپنی بلند کی ہے	387
پرچم کشا جمال ہے شہرِ حبیبؐ میں	389
نبیؐ کے شہرِ پُرانوار کا ارادہ ہے	391
در پہ حاضر ہوا ہے کوئی بے نوا اے حبیبؐ خدا	393
میں خدمتِ آقا میں ہوتا تو سدا کہتا لبیک وسعدیک	395
اسوۂ مصطفیٰؐ ملا ہم کو	397
چادر سی جو نور کی تنی ہے	399
سیّد انس و جاںؐ کا کرم ہو گیا	401
خوب قلب ونظر کی صفائی ہوئی	403
ذکرِ سرکارؐ سے جب ذہن تر و تازہ ہو	405
پیار سے جن کے ہوا ہے مرا تن من روشن	407
چھوڑ امید وبیم کی باتیں	409
روضہ احمدؐ مختار دکھا دے یارب	411
سرتا قدم برہان ہو	413

Marfat.com
Marfat.com

جاوداں و بیکراں ہے رحمتِ خیر الانامؐ	414
مجھے نعت پیمبرؐ سے شغف ہے	415
کوئی جہاں میں ہوا نہ ہوگا شفیق تجھ سا کریم تجھ سا	416
مظہر ذوالجلال میرے حضورؐ	417
شاہِ فلک جناب رسالت ماب ہیں	418
ہمیشہ ہے پیش نظر سبز گنبد	419
دل ہے سفرِ طیبہ کو تیار ہمیشہ	421
کیجئے قبول اے شہِ والاؐ سلام عید	423
الصلوٰۃ والسلام اے غایتِ صبح ظہور	425
تضمین بر نعت حضرتِ قدسیؒ	427
یا رسولؐ اللہ انظر حالنا	429
آپ انسان کے سب سے بڑے رہنما	431
نور ہی نور اسلام ہے ان کا	433
کوئی ہوا ہے اور نہ ہوگا	434
معصومیت کا ہالا بچپن مرے نبیؐ کا	436
نعت گوئی کیلئے حسنِ ارادت شرط ہے	438
وہ نور جاں افق آراء ہوا ہے	440
دیر جتنی اشکِ خوں سے آنکھ تر ہونے میں ہے	443
مہکا ہوا ہے جس سے جہاں کا چمن تمام	445
مصطفیٰؐ کی شکل میں حق کا جمال آیا نظر	447
تیرہ فصیل وقت میں باب کھلا جمال کا	449
میں یہ سمجھوں گا کہ آنکھوں کی نمی کام آ گئی	451
سر کو جھکائے ہے فلک ان کے سلام کے لیے	453
دین و دنیا کی قیادت آپ کو بخشی گئی	455
سانس میں ہے رواں میرا زندہ نبیؐ	459

Marfat.com
Marfat.com

اہلِ ایماں کے لیے جانوں سے اولیٰ آپ ہیں	461
تازہ امنگ جاگی دلِ عندلیب میں	463
اٹھنے کی تاب ہی نہ ہو جانِ ضعیف میں	465
جسے خالقِ عالمیں نے پکارا سراجاً منیرا	467
تو روشنی کا پھول ہے یا ایہا الرسولؐ	468
پہنچا ہوں روبروئے حرم صاحبِ حرم!	471
میں صرف حرفِ تمنا ہوں یا رسول اللہ	473
آپ ہیں جانِ ارض و سما شانِ خلقِ خدا آپ ہیں	474
طیبہ میں پہلا نقشِ حسن مسجدِ قبا	477
حرم کا دیدۂ بیدار روضۃ الجنہ	478
کچھ ایسے صاحبِ اعزاز ہیں آپ	480
قلب ہے پُرسکوں آپ کے شہر میں	482
دیتا نئی حیات ہے عشقِ رسولِؐ پاک	484
بابِ انعام کھلا رحمتِ عالم کے طفیل	485
دیس میرا ہے گلستاں نعت کا	486
ایماں کی بنیاد محمدؐ کی محبت	488
اللہ غنی رتبہ و توقیر پیمبرؐ	489
گردشِ دوراں کا درماں جشنِ میلاد النبیؐ	490
ماہِ ذیشاں ربیع الاوّل	492
رفعت مرے آقا نے وہ پائی شبِ معراج	494
ثبت دل پر جو مہرِ نبوت ہوئی	496
کوثریہ	503
تیرہ فصیلِ وقت میں باب کھلا جمال کا	524
وہ نورِ جاں افق آرا ہوا ہے	526
دین و دنیا کی قیادت آپ کو بخشی گئی	529

Marfat.com
Marfat.com

پنجابی

مل جائے سچ حضوروں، ازلی نوردی جھلک وکھاواں	532
سِک متراں دی	533
کتھے اوہدی صفت ثناتے کتھے میرے اکھر	535
ہر کھوٹی تقدیر کھری کر دیون والے	536
پیار نبیؐ دے پر لائے نیں شعراں نوں	537
رب دیا پیاریا! مدح تری خَس خَس مُو مُو پیا کردا	539
رب دیا پیاریا! کدساہ لیسی روح میری دا پارہ	540
پھیلیا جد آپ دی سیرت دا رنگ	541
سوال میرا نہ ٹال سائیں	543
گھڑی مُڑی جی بھر آوندا اے	545
نیویں اے اسماں دی گردن وی جس دے احسانوں	546
دردی ایں جگ دا غم دے اسیراں دی سارے	548
مہکی مہکی اے دل دی گلی پلکاں تے بتیاں بلدیاں نیں	549
مصطفیٰؐ دی دُعا دا اثر ویکھیا	550
کیوں سر تے دکھاں فکراں دی نہیری جھلّی ہوندی	551
پانی لالا پھاوے ہوئے	552
روضے دی جالی دِسدی اے یاں گنبد خضرا دِسدا اے	554
پاک محمدؐ جگ داوالی	555
من موہ لیا عالم سارے دا محبوب خدا دیاں گلاں نیں	556
سو ما سعادتاں اے رحمت حضورؐ دی	557
سرکارؐ! اساں مسکیناں دی کیوں دُور مصیبت نہیں ہوندی	558
نبیؐ دے در تے جے ہووے رسائی	559
ایہہ منگتے تیرے در اُتے لکھاں آساں لے کے آئے نیں	560
سجے لو ولاک والا تاج تینوں	561

Marfat.com
Marfat.com

پختہ ایمان ہے ایہہ میرا اللہ دے گھر دیاں نہیں ریساں	562
بے یار تے بے وس دے مددگار تُسی او	564
عبداللہ دی نور نشانی' آمنہ بی بی دا مہ پارہ	565
مان مخلوق دا رب دا ماہی	566
توں ایں شمع تے اسیں پروانے ..... حبیبؐ ربانے	567
ہو گیا رو رو کے اکھیاں لال کملی والیا	569
جس دے پاروں کٹے جاون روگ دوا کیڑی اے	571
رنگ بہاراں تھاں تھاں سٹے	573
ہر پاسے خوشی اج وَسدی اے	576
اج راتیں کالی کملی والےؐ رونق لائی عرشاں تے	578
رب سچے ملت بیضا دا اِنج مان ودھیا اج راتیں	579
سوہنے رب دا سوہنا تے سردار کلام اے	580
غیرتاں دا نور تھاں تھاں بدر اندر چھا گیا	581
اکھیں شہر مدینہ ڈِٹھا	582
باراں ماہ سیرت	584
حیاتی مینوں جے ہووے عطا ہور (قصیدہ)	597
یاد جدوں آئی طیبا دی (قصیدہ)	602
گل وچ سوہندی مدنی پی دی نسبت والی گانی ہُو	607
نعت امبر دے جلوے اکھراں وچ وکھاواں کیویں	608
سوہنا اسم اوہدا' اچا خلق اوہدا' نوری نسب اوہدا' عالی حسب اوہدا	610
میں کراں ربا ثنا سرکارؐ دی	611
سناندی اے کوئی کہانی نبیؐ جی !	613
جان اے جگ دی گھر آ قاؐ دا	615
دو جہاناں دا سردار ساڈا نبیؐ	617
اوہ نوری مکھڑا ویکھاں گا کدوں تیک	619

Marfat.com
Marfat.com

جے آقاؐ دی نظر ہو جاوے 621

پڑھاں نعتاں، کراں عرضاں ترے قدماں دے وچ آقاؐ 623

اپنے عملاں اتے سنگاں 624

سوہنی صورت پاک نبیؐ دی 625

پیش کردے نیں سب غلام حضورؐ 627

کوثریہ 628

چوبرگہ 630

غیر مدوّن کلام 631

سناؤں کسے اور جا کر میں دردنہاں ربِّ کعبہ 633

مجھ کو ترے کرم کا سہارا ہے اے کریم! 635

ہرگز نہ فکر گردش دور زماں کرو 636

پنجابی

جد اللہ دا نام چتاراں 637

کیویں کوئی کرے ثنا رب دی 639

ہر انتظام ہونے پہ حاضر نہ ہو سکا 641

حالِ زار من بہ بیں، یا رحمۃ للعالمینؐ 643

روح مری ہے پرسکوں، قلب میرا ہے مطمئن 645

امام جملہ رُسل، گلبن ریاض خلیل 647

تیرا مجرم آج حاضر ہو گیا دربار میں 649

ترے آگے سب کے خَم ہیں سَر 650

ہوں اگر ہشیار تو ہشیارِ ختم المرسلینؐ 651

مجھے در پہ اپنے بُلا طیبہ والے 653

ولولوں کو نکھار دیتے ہیں 655

شربت دیدار پیاسوں کو پلاتے ہیں ضرور 657

Marfat.com

Marfat.com

سرور دنیا و دیں سرکار ہیں	658
کشورِ ہست کے سلطان رسول عربیؐ	660
بڑا مبارک ہے آج کا دن کہ سرورِ کشورِ رسالتؐ	662
لطفِ حق عام ہوا ہادی و سرور آیا	663
آنکھوں کو جستجو ہے تو طیبہ نگر کی ہے	665
نعتیہ قطعات	667
رودادِ انبساط کا عنواں ہے تیری یاد	668
گلشن میں یہ بہار تمہاری نظر سے ہے	670
نظر میں بسا ہے مدینہ نبیؐ کا	672
کتابِ زیست کا عنواں وہ صاحبِ معراج	673
تیرا جمال دل فزا زینت بزمِ لامکاں	675
خردا رض و سما سیّد مکّی مدنیؐ	676
دل میں ترا پیغام ہو آقائے دو عالمؐ	678
وہ پھول تو ہے کہ جس سے بہار باقی ہے	679
اگر ہو نگاہِ کرم میرے آقاؐ!	680
سبھی مخلوق کنبہ ہے خدائے پاک و برتر کا	682
مطلع ہستی کے نور اولیں' آنے کو ہیں	684
منایئے جشن میلاد النبیؐ دا	686
خدائی تے چھایا ہدایت دا چانن	688
پلکاں دے اوہلے چمکے تارے حضوریاں دے	690
نبی اے جان تے بھاری مصیبت یا رسولؐ اللہ	692
میرے پروار دی عزت ودھاؤ یا رسولؐ اللہ	693
قرض تیرے پیار دا آقاؐ اتاراں کس طرح	695

☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقدیم

لفظِ ''نعت'' کے لُغوی مباحث کی تفصیل کو ایک طرف رکھتے ہوئے اگر بات کا آغاز ''نعت'' کے اُس عام فہم اصطلاحی مفہوم سے کیا جائے جو، کم از کم اردو کی حد تک، مسلّم ہے تو اس سے مراد صرف نبی اکرم، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی منظوم مدح وستائش طے پاتی ہے۔ اس تعریف کے مطابق اولین نمایاں نعتیہ اشعار غالباً وہ قرار پائیں گے جو حضور ﷺ کے عمِ محترم جناب ابوطالب کے معروف لامیہ قصیدے(۱) میں آتے ہیں اور جن میں یہ مشہور شعر شامل ہے:

وَ اَبَیْض یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالُ الیَتَامٰی، عِصْمَة'' لِلاَرَامِلِ

''اجلی رنگت والا
جس کے چہرے کا واسطہ دے کر
بارش مانگی جاتی ہے
یتیموں کا سہارا
حاجت مندوں کی پناہ'' (۲)

---

۱) یہ طویل قصیدہ سیرت ابنِ ہشام میں دیکھا جا سکتا ہے۔
۲) مولانا حالیؒ کا شعر:

فقیروں کا ملجا' ضعیفوں کا ماوٰی یتیموں کا والی' غلاموں کا مولیٰ

اسی سے مستفاد معلوم ہوتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

عرب کے مشہور شاعر اعشیٰ نے بھی اواخرِ عمر میں نبی ﷺ کی مدح کہی اور خدمتِ اقدس میں پیش کرنے کے لیے چلا مگر کم نصیبی کہ کفارِ قریش کے بہکانے پر واپس ہو گیا اور دولتِ اسلام سے محروم رہا۔ اس کے یہ اشعار بہرحال روایتِ ادب میں محفوظ چلے آتے ہیں:

اَلا اَیُّھٰذَا السَّائِلی اَیْنَ یَمَّمَتْ
فَاِنَّ لَھَا فِی اَھْلِ یَثْرِبَ مَوْعِدا
فَآلَیْتُ لَا اَرْثِی لَھَا مِنْ کَلَالَۃٍ
وَ لَا مِنْ حَفًی حَتّٰی تَزُوْرَ مُحَمَّدَا
مَتٰی مَاتُنَاخِی عِنْدَ بابِ ابنِ ھَاشِمٍ
تُرَاحِی وَ تَلْقَی مِنْ فَوَاضِلِہٖ یَدَا
نَبِیٌّ یَرٰی مَا لَا یَرَوْنَ وَ ذِکْرُہٗ
اَغَارَ لَعَمْرِی فِی الْبِلَادِ وَ اَنْجَدَا
لَہٗ صَدَقَاتٌ مَّا تُغِبُّ وَ نَائِلٌ
وَ لَیْسَ عَطَاءُ الْیَوْمِ مَانِعَہٗ غَدَا

''اے پوچھنے والے
کہ میری ناقہ کہاں کا رُخ کیے ہوئے ہے
واضح ہو کہ اس کی ملاقات
اہلِ یثرب سے طے ہے

میں قسم کھا چکا ہوں
کہ نہ اس کی تھکن پر ترس کھاؤں گا
اور نہ اس کے پیروں کے گھس جانے پر

84067
84067

Marfat.com
Marfat.com

تا آنکہ یہ محمدؐ کے حضور جا کھڑی ہو

(اے ناقہ!)
جب تجھے ابنِ ہاشمؐ کے دروازے پر بٹھا دیا جائے گا
تب تجھے راحت نصیب ہوگی
اور اُن کے جود و کرم کے احسانات حاصل ہوں گے

وہ نبی ہیں
ایسے امور پر نگاہ رکھتے ہیں
جنہیں دوسرے نہیں دیکھ سکتے
اور — میری زندگی کی قسم —
اُن کا ذکرِ خیر
قریے قریے کے نشیب و فراز میں پھیل گیا ہے

اُن کی داد و دہش میں کبھی ناغہ نہیں ہونے پاتا
اور آج کی عطا اُنہیں
آئندہ روز (کی عطائے مکرّر) سے مانع نہیں ہوتی"

بعد ازاں صحابہؓ کرام کی نعت گوئی کا ایک طویل سلسلہ ہے جسے ارشادِ ربّانی 'صلّوا علیہ وسلّموا تسلیماً" کی بجا آوری کی ایک صورت سمجھنا چاہیے۔ اہلِ علم نے دوسو کے قریب صحابہ و صحابیات' رضی اللہ عنھم اجمعین' کے نام گنائے ہیں' جنہوں نعت گوئی کا شرف حاصل کیا۔ اُن میں حضرت حسانؓ بن ثابت' حضرت عبداللہؓ بن رواحہ' حضرت کعبؓ بن مالک اور حضرت کعبؓ بن زُھَیر کے نام خاص طور پر نمایاں ہیں۔ پھر یہ تسلسل تابعین اور تبع تابعین سے ہوتا ہوا عرب و عجم کے

Marfat.com
Marfat.com

متاخّر شعراء میں نفوذ کرتا چلا گیا اور صرصریؒ و بوصیریؒ، سعدیؒ و جامیؒ جیسے بزرگوں سے گزر کر برِصغیر کی نعت گوئی میں جلوہ گر ہوا۔

ہمارے معاصرین میں جناب حفیظ تائب کو عرصۂ نعت کا نمایاں ترین شہسوار تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے گویا رفتگاں کی روایت سے اپنا سلسلہ متصل کرنے کے لیے نعت گوئی کے بعض اساطین کا ذکر اپنی ایک دُعائیہ نظم میں یوں کیا ہے:

یا رب ثنا میں کعبؓ کی دلکش ادا ملے
فتنوں کی دوپہر میں سکوں کی ردا ملے
حسانؓ کا شکوہِ بیاں مجھ کو ہو عطا
تائیدِ جبرئیلؑ بوقتِ ثنا ملے
بوصیریؒ عظیم کا ہوں میں بھی مقتدی
بیماریِ الم سے مجھے بھی شفا ملے
جامیؒ کا جذب، لہجۂ قدسیؒ نصیب ہو
سعدیؒ کا صدقہ شعر کو اذنِ بقا ملے
آئے قضا شہیدیؒ خوش بخت کی طرح
دُوری میں بھی حضوریِ احمدؒ رضا ملے
مجھ کو عطا ہو زورِ بیانِ ظفر علیؒ
محسنؒ کی نذرتوں سے مرا سلسلا ملے
حالیؒ کے درد سے ہو مرا فکر استوار
ادراکِ خاص حضرتِ اقبالؒ کا ملے
جو مِدحتِ نبیؐ میں رہا شاد و بامُراد
اس کاروانِ شوق سے تائبؔ بھی جا ملے

جناب تائب کی دُعا قبولیت سے سرافراز ہوئی۔ اُن کی زندگی اسی کاروانِ

Marfat.com
Marfat.com

شوق کی پیروی میں بسر ہوئی اور بالآخر وہ اسی سے جا ملے۔

تائب صاحب نے شاعری کا آغاز غزل گوئی سے کیا اور اس کوچے میں بھی بہت جما کر قدم رکھا (ان کا مجموعۂ غزلیات ''نسیب'' اس رہگزر پر ان کے نقوشِ قدم کا امین ہے) تاہم ان کے ہاں محملِ غزل میں بھی سلمائے نعت کی جھلک جا بجا برقِ پسِ ابر کی طرح کوند کوند جاتی تھی۔ ''خوشبو'' ردیف کی ایک غزل کا مقطع ملاحظہ ہو:

میں نہ کیوں اس پہ جان دوں تائب
جب نبیؐ کو پسند تھی خوشبو

آہستہ آہستہ نسیب و تشبیب کی یہ تمہید ختم ہوئی اور وہ اپنے قصیدۂ حیات کے اصل موضوع یعنی ''نعت'' پر آ گئے اور پھر اسی پر مرتکز ہو کر زندگی تمام کر دی۔

بس اب ارادہ نہیں کہیں کا کہ رہنے والا ہوں میں یہیں کا

ان کا اولین مجموعۂ نعت ''صلّوا علیہ و آلہٖ'' ۱۹۷۸ء میں منظرِ عام پر آیا تو اس وقت تک نعت گوئی میں ان کا کمال مسلّم ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس کے آغاز میں ''تجزیہ'' کے عنوان سے استاذ الاساتذہ ڈاکٹر سیّد عبداللہ صاحب کا جو پیش لفظ شامل ہے' اس میں ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں:

''اسی گلشن کا ایک بلبلِ خوش نوا حفیظ تائب ہے' جس کی نعت اب زمانے پر اپنا نقش قائم کر چکی ہے' لہٰذا تعریف و تعارف کی کوئی سعی اس کے کمالِ فن کی تنقیص کے برابر ہوگی۔''

''صلّو علیہ و آلہٖ'' کی نعتوں میں وہ سارا فنی سلیقہ صرف ہوتا نظر آتا ہے جو جنابِ حفیظ تائب نے دورِ غزل گوئی میں حاصل کیا تھا۔ کتاب کا اولین قصیدہ ''آیۂ نور'' خاصے کی چیز ہے' جو مولانا حالیؒ کے قصیدۂ نعتیہ کی زمین میں ہے' جس کا مطلع ہے:

میں بھی ہوں حسنِ طبع پر مغرور
مجھ سے اٹھیں گے اُن کے ناز ضرور

Marfat.com
Marfat.com

مولانا نے تشبیب کی جگہ تعلّی کا طویل ابتدائیہ باندھا ہے (جسے انہوں نے ازروئے انکسار ماضی کے ''ہذیانات'' میں شمار کیا ہے) اور پھر گریز کر کے ''نعتِ سرورِ جمہور'' کی طرف آئے ہیں۔ جناب تائب نے گریز سے گریز کرتے ہوئے ابتدا ہی اصل مدّعا سے کی ہے:

جب کیا میں نے قصدِ نعتِ حضورؐ
ہوئے یکجا شعور و تحتِ شعور

پھر ''نور'' و ''حضور'' و ''سرور'' کے قوافی سے گزرتے ہوئے ان کا توسنِ طبع غزل کی روش پر چل نکلتا ہے مگر موضوع سے ہٹے بغیر:

اس کی خدمت میں کچھ برنگِ غزل
بہ امیدِ قبول و قرب و حضور

اور اس موجِ خرام سے ''دور'' کی ردیف اور ''یار'' اور ''قرار'' کے قوافی کی راہ نکالتا ہے:

آب جو کی طرح ہو سرگرداں
نکل آیا ہوں کوہسار سے دُور
اک گلِ حیرت و ملال ہوں میں
مسکرایا ہوں شاخسار سے دُور

یاد آتا ہے کہ تائب صاحب نے خود سنایا تھا کہ اس قصیدے کا ایک شعر آغاز میں غالباً یوں تھا:

وہ کہ ہے سوز و سازِ نبضِ حیات
وہ کہ ہے حاصلِ سنین و شہور

حافظ محمد افضل فقیر صاحب نے، جن سے تائب صاحب کی بے تکلفی اور دلی یگانگت تھی ''حاصل'' کے لفظ سے بے اطمینانی محسوس کی۔ تائب صاحب غالباً پہلے ہی

Marfat.com
Marfat.com

اس سے مطمئن نہ تھے۔ بہت سے متبادل سوچے گئے مگر تائب صاحب کا خلجان دور نہ ہوا۔ ایسا احساس ہوتا تھا کہ ایک خاص لفظ اس محل کے لیے پہلے سے مقدّر ہے مگر سامنے نہیں آ رہا۔ کافی عرصے کے بعد دونوں دوستوں کی ملاقات ہوئی تو تائب صاحب نے کہا۔ ''مولانا ! جس لفظ کی تلاش تھی آخر مل گیا ہے۔'' (دونوں ایک دوسرے کو ازروئے بے تکلفی ''مولانا'' کہہ کر خطاب کرتے تھے)۔ پھر شعر دہرایا:

وہ کہ ہے سوز و سازِ نبضِ حیات
وہ کہ ہے غایتِ سنین و شہور

جناب فقیر نے اتفاق فرمایا کہ واقعی لفظ ''غایت'' ہی وہ غایت تھی جس تک طائرِ خیال رسائی چاہتا تھا اور پھر کہا۔ ''مولانا تمہاری جستجو کی بھی داد دینا پڑتی ہے۔''

ایک ایک لفظ کے لیے یہ جستجو اور فنّی تلازمات کا یہ اہتمام جنابِ تائب کے نعتیہ کلام میں آغاز ہی سے بدرجہ اتم موجود تھا مگر آرائشِ عروسِ فن کے اِس انہماک میں روزِ اوّل ہی سے اُن کو یہ فکر بھی دامن گیر تھی کہ:

لب رہیں ترجمانِ صدق و صفا
دل ہو کذب و مبالغہ سے نفور

شیخ عبدالقادر نے ''بانگِ درا'' کے دیباچے میں غالب اور اقبال کے اشتراکات کے حوالے سے لکھا تھا:

''اگر میں تناسخ کا قائل ہوتا تو ضرور کہتا کہ مرزا اسد اللہ خاں غالب کو اردو اور فارسی شاعری سے جو عشق تھا اس نے اُن کی روح کو عدم میں جا کر بھی چین نہ لینے دیا اور مجبور کیا کہ وہ پھر کسی جسدِ خاکی میں جلوہ افروز ہو کر شاعری کے چمن کی آبیاری کرے اور اس نے پنجاب کے ایک گوشے میں جسے سیالکوٹ کہتے ہیں دوبارہ جنم لیا اور محمد اقبال نام پایا۔''

میرے دل میں کچھ ایسا ہی خیال مولانا حالی ؒ اور حفیظ تائب صاحب کی

Marfat.com
Marfat.com

نسبت پیدا ہوتا ہے۔ ذکاوت اور شرافت' فنکاری اور اخلاص' صلاحیت اور محنت' کمال اور انکسار' گداز اور ہمت کا جو امتزاج حالی کی شخصیت میں دکھائی دیتا ہے' حفیظ تائب کی ذات اسی کا نقشِ مکرّر محسوس ہوتی ہے۔ بلکہ آخر آخر میں تو ایک روز میں نے ازرہِ تفنّن ان سے کہا بھی کہ حضرت! اب تو وضع قطع میں بھی مُو بمو مولانا حالی دکھائی دینے لگے ہیں۔ بے سبب نہیں کہ جناب تائب نے ''آیۂ نور'' کے لیے حالی کی زمین اختیار کی اور آغاز ہی اس مضمونِ عالی سے کیا جسے حالی نے کفّارۂ ماسبق بنایا تھا۔ پھر کذب و مبالغہ سے نفور ہو کر ترجمانِ صدق وصفا کی یہ فکر بھی حالی ہی کا مسلک ہے۔ حالی ہی کی طرح تائب صاحب کے ہاں بھی روز بروز حسنِ اسلوب کے مقابلے میں کلمۂ حق کی اہمیت بڑھتی چلی گئی اور بقولِ حالی ان کا مسلکِ سخن بھی یہ ہوتا چلا گیا کہ:

اے شعر دل فریب نہ ہو تو تو غم نہیں
پر تجھ پہ حیف ہے جو نہ ہو دل گداز تو
صنعت پہ ہو فریفتہ عالم اگر تمام
ہاں' سادگی سے آئیو اپنی نہ باز تو

اور مقطع میں تو شاید مولانا حالی کا تخاطب حفیظ تائب ہی سے ہے:

جو قدر داں ہو اپنا اسے مغتنم سمجھ
حالی کو تجھ پہ ناز ہے کر اُس پہ ناز تو

تائب صاحب کے ہاں گوناگوں مضامینِ نعت میں استغاثہ و فریاد بحضور سیّد الکونین ﷺ کا جو رنگ جا بجا ابھرتا ہے وہ بھی ان کی اور مولانا حالی کی مماثلت کا احساس دلاتا ہے کہ حالی نے:

اے خاصۂ خاصانِ رُسُل وقتِ دُعا ہے
سے جو روش نکالی تھی وہی تائب صاحب کے ہاں نو بہ نو پیکر اختیار کرتی ہے

Marfat.com
Marfat.com

(مثلاً دیکھیے ان کی نظم "پھر اٹھا ہاتھ بہرِ دُعا یا نبیؐ" جس میں مسدّس اور عرضِ حال کا عکسِ معنوی جھلکتا دکھائی دیتا ہے) تائب صاحب کی ایک پنجابی نعت کے مقطع میں، قصداً یا اتفاقاً، توریہ و ایہام کے رنگ میں لفظِ "حالی" کیا خوب ان کے نام کے متصل آیا ہے:

حالی تائب ہور کجھ دن صبر کر
ہور گوہڑا ہون دے چاہت دا رنگ

تائب صاحب کی طبیعت میں علمی دیانت، روایت کی صحت اور بیان کی ذمہ داری کی فکر روز بروز بڑھتی چلی گئی۔ نعت کو بیش از بیش علمی پس منظر مہیا کرنے کے لیے انہوں نے عمیق نظر سے قرآن، حدیث اور سیرت کا وسیع مطالعہ کیا اور حاصلِ مطالعہ کو اپنے فن میں سمویا۔ ان کے مجموعہ نعت "وہی یٰسیں وہی طٰہٰ" کا آغاز جس حمدِ باری تعالیٰ سے ہوتا ہے:

تو خالق ہے ہر شے کا، یا حیُّ یا قیّوم
ہر پل تیرا رنگ نیا، یا حیُّ یا قیّوم

اس پوری حمد کو دیکھیے:

"اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ" (۳۹ / ۶۲) "کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِی شَانٍ" (۵۵ / ۲۹) "ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَ الظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ" (۵۷ / ۳) "اَللّٰہ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاح" ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ ط اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَب" دُرِّیّ" ..... یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ....." (۲۴ / ۳۵) "ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ..... اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ ..... لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ....." (۵۹ / ۲۳-۲۴) "اَلرَّحْمٰنُ O عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ O عَلَّمَہُ الْبَیَانَ O ..... وَالسَّمَآءَ رَفَعَھَا وَ وَضَعَ الْمِیْزَانَ O ..... وَالْاَرْضَ وَ ضَعَھَا لِلْاَنَامِ O فِیْھَا فَاکِھَۃ" وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَکْمَامِ O ..... (۵۵/ ۱-۱۲)

Marfat.com
Marfat.com

جیسی قرآنی آیات کو ایک ایک مصرع کے پیچھے آفتابِ پسِ ابر کی طرح جھلکتا پائیں گے۔

اسی طرح ان کے ہاں قرآن وحدیث کے اقتباسات بھی جابجا نگینے کی طرح جڑے ہوئے نظر آتے ہیں مثلاً:

بس تو ہے ''فَتَحْنَا لَکَ فَتْحاً'' کا مخاطب
پیرو ہیں ترے آیہِ ''اَعْلَوْن'' کے مصداق
ذہن میں رکھ آیہِ ''لا تَرْفَعُوا اَصْوَاتَکُمْ''
بات کر طبعِ پیمبرؐ کی نفاست دیکھ کر
مرے حضورؐ کی رحمت ہے بیکراں تائبؔ
مرے حضورؐ کا اعلانِ عام ''لا تَثْرِیْب''
آپؐ کی رفعت کا ناممکن ہے اندازا حضورؐ
کہہ دیا جب حق نے ''سُبْحٰنَ الَّذِیْ اَسْرٰی'' حضورؐ
سُجھا کے نکتہِ ''خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُھَا''
مجھے توازنِ فکر و نظر دیا تو نے

تائب صاحب کے نعتیہ کلام کے چند در چند خصائص میں ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے نعت کو بار بار کے دہرائے ہوئے مضامین سے نکال کر اس کے عمق، وسعت اور تنوع میں اضافہ کیا۔ جناب احمد ندیم قاسمی نے تائب صاحب کے اس امتیاز کی طرف ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے:

''حفیظ تائب نے صنفِ نعت پر بعینہ وہی احسان کیا ہے، جو غالب، اقبال اور آج کے بعض نمایاں شعراء نے غزل پر کیا ہے۔''

تائب صاحب کی تخلیقی اُپج نے بعض مقامات پر ایسے انوکھے مضامین نکالے ہیں کہ بے ساختہ داد دینا پڑتی ہے۔ مثلاً ایک نعت کے یہ دو شعر دیکھیے:

Marfat.com
Marfat.com

آئے سرکارؐ دستار پہنے نظر
گنبدِ سبز کی جب زیارت ہوئی
چار سے بڑھ کے مینار دس ہو گئے
میرے سینے میں بھی اور وسعت ہوئی

گنبدِ سبز میں عمامۂ سبز کی زیارت اور مسجدِ نبویؐ شریف کی توسیع میں توسیعِ ذات کا احساس' شاعرانہ تخیل کی نادرہ کاری کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ یہی نادرہ کاری ان کی بعض تراکیب میں بھی نظر آتی ہے' مثلاً:

اے ہادیِ دارین' مقدر گرِ آفاق

میں ''مقدر گرِ آفاق'' کی گہرائی اور بلاغت کو دیکھیے۔ اسی طرح یہ دل نشین شعر ملاحظہ ہو' جس میں ''روانِ خیر'' کی ترکیب بطورِ خاص لائقِ توجہ ہے:

وہ تابِ جاں' سحابِ کرم' انتخابِ حق
وہ شانِ فقر' آنِ تمدّن' روانِ خیر

حسنِ ترکیب کے علاوہ تائب صاحب کے ہاں کمال کا حسنِ التزام بھی ملتا ہے' جس میں وہ تلمیح اور توریہ و ایہام جیسے محسناتِ کلام سے کام لیتے ہیں' مثلاً یہ شعر دیکھیے:

باتیں آقاؐ کی سناتا ہے اُحُد
اُس کے دامانِ صفا میں گم ہوں

''اُحُد'' کے ساتھ لفظِ ''صفا'' کی مناسبت قابلِ دید اور لائقِ داد ہے کہ ایک طرف کوہِ صفا کا ایہام پیدا ہوتا ہے اور دوسری طرف ''صفا'' بمعنی مودّت و اخلاص کے حوالے سے فرمانِ نبویؐ "اُحُدٌ جَبَلٌ یُحِبُّنا و نُحِبُّہ" (اُحُد ایسا پہاڑ ہے کہ وہ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں) کی تلمیح جھلکتی ہے۔ اسی طرح یہ شعر:

پہلے بھی اس کی تابانی کچھ روئے زمیں پر کم تو نہ تھی
جب ثور کی منزل سے گزرا اُس ماہ کا چرچا اور ہوا

Marfat.com
Marfat.com

حسنِ التزام کا ایک عمدہ نمونہ ہے۔ غارِ ثور اور بُرجِ ثور کی مناسبت اور پھر بُرج ثور کے ساتھ لفظِ ''ماہ'' کا اہتمام اور آیہ "والقمر قدّرنٰہ منازل" (۳۹/۳۶) کی رعایت سے لفظِ ''منزل'' کا انتخاب شاعر کی ژرف بینی اور قدرتِ کلام کا آئینہ دار ہے۔ یاد رہے کہ علمِ نجوم میں ماہ کا بُرجِ ثور میں آنا نہایت مبارک سمجھا جاتا ہے' بقولِ غالب:

تا ترے وقت میں ہو عیش و طرب کی توفیر
تا ترے عہد میں ہو رنج و الم کی تقلیل
ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر
زُہرہ نے ترک کیا حُوت سے کرنا تحویل

قدرتِ کلام کی بات چلی ہے تو ''وسلّموا تسلیما'' کے حصہِ حمد و مناجات کا خیال آتا ہے جس میں تائب صاحب کا زورِ بیان اردو کے یادگار قصیدوں کے شکوہ کا حامل ہے:

ہے ارتباطِ عناصر اُسی کی قدرت سے
اُسی کے لطف سے قائم ہے اعتدالِ حواس
کیے خلا میں معلّق ثوابت و سیّار
بغیرِ چوب کیا خیمۂ فلک کو راس
اُٹھا کے ہاتھ اُسی کو پکارتا ہوں میں
مقام جس کا ہے میری رگِ حیات کے پاس
کیا یہ خاص کرم اُس نے نوعِ انساں پر
بنا دیا جو حبیب اپنا غمگسار اُناس
حبیبؐ وہ جو بنا کائنات کا نوشاہ
رسولؐ وہ جو ہوا اس کی شان کا عکّاس

تائب صاحب کے ہاں مضامینِ نو بہ نو کا ایسا وفور ہے کہ تکرار کی گنجائش ہی نہیں

Marfat.com
Marfat.com

رہتی۔ زمینیں بھی بیشتر اُن کی اپنی ہوتی ہیں۔ بحور بالعموم مانوس اور رواں دواں استعمال کرتے ہیں لیکن گاہے گاہے سادہ مگر ہٹی ہوئی بحروں میں طبع آزمائی کی ہے۔ مثلاً:

شوق باریاب ہو گیا　　وا کرم کا باب ہو گیا

بعض بحریں جو پنجابی یا ہندی میں رائج ہیں تائب صاحب نے انہیں اردو نعت میں کمال روانی سے برتا ہے۔ اصناف میں بھی ان کے ہاں بلا کا تنوّع ہے' چنانچہ غزل' قصیدہ' نظم' آزاد نظم' ترکیب بند' ترجیع بند' سانیٹ اور مستزاد سبھی ہیئتوں کی نمائندگی ملتی ہے۔ ''باراں ماہ'' کی پنجابی صنف کو انہوں نے اپنی پنجابی نعت میں اسلامی تقویم اور واقعاتِ سیرت کے رنگ میں رنگ دیا ہے۔ ''سی حرفی'' میں انہوں نے یہ جدّت کی ہے کہ آغاز کے بجائے قوافی کے اختتام کو الفبائی ترتیب میں رکھا ہے۔ تین مصرعوں کے تجربے کو ہمارے ہاں کبھی مثلّث' کبھی ثلاثی' کبھی پنجابی لوک روایت کے حوالے سے ماہیا اور کبھی جاپانی صنف سے منسلک کرتے ہوئے ہائیکو کہا گیا۔ جناب تائب نے سورۂ کوثر کی تین آیات کی مناسبت سے اسے ''کوثریہ'' کا پاکیزہ نام عطا کیا ہے اور اسی نام سے اُن کا ایک مجموعہ موسوم ہے کیونکہ اس میں ایسی اکتالیس سہ مصرعی تخلیقات شامل ہیں۔

جناب حفیظ تائب کے ہاں نعت میں والہانہ پن کے ساتھ ساتھ کمال احتیاط' شوکتِ کلام کے پہلو بہ پہلو سہلِ ممتنع اور اعلیٰ فنی محاسن کو نباہتے ہوئے صحتِ روایات کا التزام اور غلو و مبالغہ سے اجتناب جیسی جہات کی ساری گونا گونی کا جائزہ ان معروضات میں نہ تو ممکن ہے اور نہ مقصود۔ مدعا صرف یہ عرض کرنا ہے کہ ایسے ہمہ پہلو اور نغز گو شاعر کا کلام قوم و ملک کے لیے سرمایہ افتخار ہے۔

جناب عبدالعزیز خالد نے تائب صاحب کے حق میں بجا ارشاد فرمایا ہے:

اُس کو فقط اِک شاعرِ خوش گو نہ کہو
اے اہلِ سخن رنگِ سخن تو دیکھو

Marfat.com
Marfat.com

ہے باعثِ افتخارِ ملک اُس کا وجود
دے سکتے ہو جتنی بھی اسے عزت دو

خدائے بخشندہ نے یہ عزت تائب صاحب کو بھرپور طور پر عطا فرمائی اور انہیں لطفِ سخن اور قبولِ خاطر دونوں سے بہرۂ وافر ملا۔ ان پر رب العزت کے بے شمار انعامات میں ایک انعام یہ بھی رہا کہ انہیں عبدالمجید منہاس جیسا بھائی ملا جس کے نام اپنے ایک مجموعۂ نعت کے منظوم انتساب میں تائب صاحب نے فرمایا:

خلوص و مہر و وفا سراسر مرا برادر
مجید منہاس اُنس پیکر، مرا برادر
وہ میرا مونس وہ میرا ہمدرد و ہمنوا ہے
سنگفتہ کردار و خوش مقدر مرا برادر

حفیظ تائب فاؤنڈیشن کے چیئرمین جناب مجید منہاس جنہیں اپنے برادرِ مرحوم سے عشق ہے، ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ ان کی توجہ سے فاؤنڈیشن کے زیراہتمام جناب تائب کا تمام اردو اور پنجابی نعتیہ کلام یکجا شائع ہو کر سامنے آ رہا ہے۔ اس اشاعت میں ''غیر مدوّن'' کے عنوان سے تائب صاحب کی اڑتیس ایسی منظومات کا قابل قدر ضمیمہ بھی شامل ہے جو اس سے پہلے کسی مجموعے میں درج نہیں ہو سکیں یا علالت کے آخری ایّام میں وارد ہوئیں اور ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔ جناب محمد سعید اللہ صدیق کی سپاس گزاری بھی لازم ہے، جو القمر انٹر پرائزز کے مہتمم اور اس کتاب کے ناشر ہیں۔ میں ذاتی سطح پر بھی منہاس صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اس کلیاتِ نعت کی پیشوائی کا شرف مجھے عطا فرمایا۔

فجزاہ اللّٰہ عنّی احسنَ الجزاءِ فی الدّارین

خورشید رضوی

لاہور ○ ۲۴ فروری ۲۰۰۵ء

Marfat.com
Marfat.com

حمد و مناجات

(اُردُو و پنجابی)

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

کس کا نظام راہ نما ہے افق افق
کس کا دوام گونج رہا ہے افق افق

شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل
رنگِ جمال کس کا جما ہے افق افق

کس کے لیے نجوم بکف ہے روش روش
بابِ شہود کس کا کھلا ہے افق افق

کس کے لیے سرودِ صبا ہے چمن چمن
کس کے لیے نمودِ ضیا ہے افق افق

Marfat.com
Marfat.com

مکتوم کس کی موجِ کرم ہے صدف صدف
مرقوم کس کا حرفِ وفا ہے افق افق

کس کی طلب میں اہلِ محبت ہیں داغ داغ
کس کی ادا سے حشر بپا ہے افق افق

سوزاں ہے کس کی یاد میں تابِ نفس نفس
فرقت میں کس کی شعلہ نوا ہے افق افق

Marfat.com
Marfat.com

یارب اثنا میں کعبؓ کی دلکش ادا ملے
فتنوں کی دوپہر میں سکوں کی ردا ملے

حسانؓ کا شکوہِ بیاں مجھ کو ہو عطا
تائیدِ جبرئیلؑ بوقتِ ثنا ملے

بوصیریؒ عظیم کا ہوں میں بھی مقتدی
بیماریٔ الم سے مجھے بھی شفا ملے

جامیؒ کا جذب، لہجۂ قدسیؒ نصیب ہو
سعدیؒ کا صدقہ شعر کو اذنِ بقا ملے

Marfat.com
Marfat.com

دل بستگی ملے مجھے لطف و امیر کی
کافیؒ کے علم و عشق سے رشتہ مرا ملے

آئے قضا شہیدیؒ خوش بخت کی طرح
دُوری میں بھی حضوریٔ احمد رضاؒ ملے

مجھ کو عطا ہو زورِ بیانِ ظفرؒ علی
محسنؒ کی نذرتوں سے مرا سلسلہ ملے

حالیؒ کے درد سے ہو مرا فکر استوار
ادراکِ خاص حضرتِ اقبالؒ کا ملے

جو مدحتِ نبیؐ میں رہا بامراد و شاد
اُس کاروانِ شوق سے تائبؔ بھی جا ملے

Marfat.com
Marfat.com

جو اسمِ ذات ہویدا ہوا سرِ قرطاس
ہوا خیال منوّر، مہک گیا احساس

اُسی کے فکر میں گُم سُم ہے کائناتِ وجُود
اُسی کے ذکر کی صورت ہے نغمۂ انفاس

اُسی کے اذن سے ہے کاروانِ زیست رواں
اُسی کے حکم پہ غیب و شہود کی ہے اساس

اگر ہیں نعمتیں اُس کی شمار سے باہر
تو حکمتیں بھی ہیں اس کی ورائے عقل و قیاس

ہے ارتباطِ عناصر اُسی کی قدرت سے
اُسی کے لطف سے قائم ہے اعتدالِ حواس

Marfat.com
Marfat.com

کیے خلا میں معلّق ثوابت و سیّار
بغیرِ چوب کیا خیمۂ فلک کو راس

بسا ہوا وہ رگ و پے میں کائنات کے ہے
کچھ اِس طرح سے گلوں میں نہاں ہو جیسے باس

ہر ایک مومن و منکر کا ہے وہ رزق رساں
ہر ایک بیکس و درماندہ کا ہے قدر شناس

بڑھائی اُس نے زن و آدمی کی یوں توقیر
انھیں بنایا گیا ایک دوسرے کا لباس

مجھے شریک کرے کاش ایسے بندوں میں
جنھیں نہ خوف و خطر ہے کوئی نہ رنج و ہراس

Marfat.com
Marfat.com

○

اُٹھا کے ہاتھ اُسی کو پکارتا ہوں مَیں
مقام جس کا ہے میری رگِ حیات کے پاس

کیا یہ خاص کرم اس نے نوعِ انساں پر
بنا دیا جو حبیبؐ اپنا غمگسارِ اناس

حبیبؐ وہ جو بنا کائنات کا نوشاہ
رسُولؐ وہ جو ہُوا اس کی شان کا عکّاس

حبیبؐ وہ جو محمدؐ بھی ہے تو احمدؐ بھی
سکھا گیا جو خدائی کو حمد و شکر و سپاس

نبیؐ وہ جس کے لیے محملِ زمانہ رکا
نبیؐ وہ جس نے کیا لامکاں میں اجلاس

Marfat.com
Marfat.com

کتاب اُس پہ اتاری تو وہ کتابِ مُبیں
جو نورِ رُشد و ہدایت ہے، قاطعِ وسواس

اُسی نے مدحِ رسالت مآبؐ کی خاطر
دیا گداز لب و لہجہ کو، زباں کو مٹھاس

کرم ہو شاملِ حال اُس کا تو ہے اک نعمت
وگرنہ کربِ مسلسل، طبیعتِ حسّاس

کوئی قریب سے کہتا ہے مَیں ہوں تیرے ساتھ
ہجومِ غم میں کسی وقت بھی جو دل ہو اُداس

تسلّیاں مجھے ہر آن کوئی دیتا ہے
نہ کر سکیں گے ہراساں مجھے کبھی غم و یاس

عجیب ذکرِ الٰہی میں ہے اثر تائبؔ
مٹائے زیست کی تلخی، بجھائے روح کی پیاس

Marfat.com
Marfat.com

○

حمد کب آدمی کے بس میں ہے
ایک حسرت نَفَس نَفَس میں ہے

فکر کیا سوچ کر ہے بال کشا
جس کی پرواز ہی قفس میں ہے

دو جہاں جس کے تابعِ فرماں
کب کسی کی وہ دسترس میں ہے

ہے بقا اس کی ذات کو شایاں
جلوہ فرما وہ پیش و پس میں ہے

اس کی موجِ کرم سے ہی تائبؔ
زیست کی لہر خار و خس میں ہے

Marfat.com
Marfat.com

○

زباں پر ہے نام اُس حیات آفریں کا
جو تنہا ہے روزی رساں عالمیں کا

وہ ربّ المشارق ، وہ ربّ المغارب
وہی نور ہے آسمان و زمیں کا

تحیّات زیبا اُسی کے لیے ہیں
جو فرماں روا ہے یسار و یمیں کا

وہی ظلمتوں میں دکھاتا ہے راہیں
سہارا وہی قلبِ اندوہ گیں کا

Marfat.com
Marfat.com

پہاڑوں کو روئیدگی اُس نے بخشی
ہرا ہے شجر اُس سے جانِ حزیں کا

ہے الحمد ایمان کا حرفِ اوّل
یہی تو ہے سررشتہ یائے یقیں کا

رسول اور نبی بھیج کر اس نے تائب
دیا درس دنیا کو توقیرِ دیں کا

Marfat.com
Marfat.com

الٰہی! شاد ہوں میں تیرے آگے ہاتھ پھیلا کر
مری اس کیفیت کو اپنی رحمت سے پذیرا کر

بھٹکتی آنکھ کو مرکوز فرما صبغۃ اللہ پر
دلِ بے تاب کو خوشبوئے لَیْسَ سے شکیبا کر

مری بھیگی ہوئی پلکیں مخاطب ہیں تو بس تجھ سے
مری تقدیر کے تاریک غاروں میں اجالا کر

مرے چاروں طرف ہے، رقصِ وحشت روک دے اس کو
مرے اندر جو دشمن بڑھ رہا ہے اُس کو پسپا کر

رسولِ پاک کے رستے سے ہٹ کر خوار ہے امّت
امین اس کو فلاح و خیر کا پھر سے خدایا کر

Marfat.com
Marfat.com

فروغِ اقتدارِ پیغمبرؐ کا ہو پھر سے زمانے میں
پریشاں آدمیّت پر کرم کا باب پھر وَا کر

دُعائے سیّدِ سادات سینے میں فروزاں ہے
حسیں کر دے مری دنیا، حسیں تر میری عقبا کر

ترے محبوبؐ کی توصیف میں لب کھولتا ہوں مَیں
بہاراں آشنا یارب! مری سوچوں کا صحرا کر

زوال آمادہ ہیں ہر چند اعصاب و قویٰ پھر بھی
جواں رکھ میرے جذبوں کو، مرے لفظوں کو اُجلا کر

Marfat.com
Marfat.com

تو خالق ہے ہر شے کا یا حیّ یا قیوّم
ہر پل تیرا رنگ نیا یا حیُّ یا قیوّم

تو اوّل بھی آخر بھی تو ظاہر تو باطن
سب میں رچ کر سب سے جدا یا حیُّ یا قیوم

تو ہے نورِ ارض و سما یا قادر یا ہادی
نور اپنے سے راہ دکھا یا حیُّ یا قیوّم

نور کہ جیسے طاق کے اندر جلتا ایک چراغ
یا اک تارا ہیرے سا یا حیُّ یا قیوّم

Marfat.com
Marfat.com

تو قدوس ہے تو مومن ہے تو رحمٰن و رحیم
احسن تیرے سب اسما یا حیُّ یا قیوّم

پیدا کر کے انساں کو دی قرآں کی تعلیم
بخشے تو نے نطق و نوا یا حیُّ یا قیوّم

تو نے فلک کو رفعت دی اور قائم کی میزان
تو ہی ملیکِ روزِ جزا یا حیُّ یاقیوّم

تو نے زمیں کا فرش بچھا کر اس کو کیا سرسبز
تو ہی کفیلِ نشوونما یا حیُّ یا قیوّم

وصف کہاں تک لکھے تیرے شاعر ہیچمدان
کیا تائب کیا اس کی ثنا یا حیُّ یا قیوم

جلّ جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

○

پرچمِ حمد اڑاتا ہوں میں
روح کو وجد میں پاتا ہوں میں

صبحدم پڑھتا ہوں قرآنِ مجید
گیت خلّاق کے گاتا ہوں میں

اس کی آیات سے کرنیں لے کر
اپنے آفاق سجاتا ہوں میں

Marfat.com
Marfat.com

تازہ کاری کا عمل دیکھتا ہوں
جس طرف آنکھ اٹھاتا ہوں میں

نیّتوں کی جو خبر رکھتا ہے
اس کو احوال سناتا ہوں میں

جب بھی تاریکیاں گھیریں تائب
مشعلِ ذکر جلاتا ہوں میں

جلّ جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

○

زمانے پہ چھائی ہے رحمت خدا کی
ہر اک شے سے ظاہر ہے قدرت خدا کی

رواں حکم اس کا زمیں پر فلک پر
دل و جاں پہ بھی ہے حکومت خدا کی

سخاوت کی اک موج سارے سمندر
عیاں ذرّے ذرّے سے وسعت خدا کی

Marfat.com
Marfat.com

چمن کی ہواؤں میں ہے اس کی خوشبو
جھلکتی ہے پھولوں میں رنگت خدا کی

بشر اس کے آگے نہ کیوں سر جھکائے
کہ دیتی ہے عظمت اطاعت خدا کی

خدائی میں ہیں رنگ وحدت کے سارے
بیاں کیسے تائب ہو عظمت خدا کی

جل جلالہ

Marfat.com
Marfat.com

مناجات

ربِ کعبہ! کھول دے سینہ مرا
دل ہو روشن دیدہ ہو بینا مرا

جلوہ گر ہو دل میں عہدِ مصطفیٰؐ
یوں جلا پائے یہ آئینہ مرا

اس سے پھوٹے نغمۂ حبِ رسولؐ
ہو امینِ کیف سازینہ مرا

Marfat.com
Marfat.com

اس میں ہوں ایسے معانی کے گہر
میرا فن بن جائے گنجینہ مرا

زندگانی راہِ حق میں کام آئے
میرا جینا کاش ہو جینا مرا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com
Marfat.com

سپاس ودعا

یا رب! ملی مجھے یہ نوا تیرے فضل سے
میں ہوں نبیؐ کا مدح سرا تیرے فضل سے

تیرے حبیبِؐ پاک کی توصیف اور میں
جو کچھ کیا وہ میں نے کیا تیرے فضل سے

دامانِ احتیاط نہ چھوڑا بساط بھر
پاسِ حدود مجھ کو رہا تیرے فضل سے

Marfat.com
Marfat.com

لغزش اگر ہوئی ہو کوئی اس کے باوجود
ہوں خواستگارِ عفوِ خطا تیرے فضل سے

آخر میں یہ دعا ہے کہ اے ربِّ ذوالجلال
مقبول ہو یہ رنگِ ثنا تیرے فضلِ سے

Marfat.com
Marfat.com

حمدِ باری تعالیٰ

○

دیں سکون تیرے نام یا عزیزُ یا سلام
دل کشا ترا کلام یا عزیزُ یاسلام

اپنے قُربِ خاص کا راستہ بتا دیا
دے کے سجدے کا پیام یا عزیزُ یا سلام

یا لطیفُ یا خبیر سُو بسو ہیں تیرے رنگ
تیرے عکس صبح و شام یا عزیزُ یا سلام

شب کے بعد دن چڑھے، دن کے بعد رات ہو
خوب ہے ترا نظام یا عزیزُ یا سلام

Marfat.com
Marfat.com

کائنات کو محیط تیری جلوہ ریزیاں
تیری رحمتیں ہیں عام یا عزیزُ یا سلام

اس کرم کا کر سکوں شکر کس طرح ادا
دل میں ہے ترا قیام یا عزیزُ یا سلام

~~~~~~~~~~~~~

جل جلالہ

Marfat.com
Marfat.com
~~~~~~~~~~~~~

حمدِ الٰہی

○

اللہ تعالیٰ ہے جہانوں کا اجالا
ہر آن ہے روپ اس کا نیا اور نرالا

ہر موجِ نفس اس کی عنایات شاہد
ہر رنگِ سحر اس کی صداقت کا حوالہ

سیّاروں پہ آثارِ نمو اس کے کرشمے
صحرا میں جھلک اس کی دکھائیں گل و لالہ

Marfat.com
Marfat.com

جنگل میں شجر اس کی توجہ سے ہرے ہیں
ہر نوعِ خلائق کا وہی پالنے والا

کرتا ہے مداوا وہ پریشانئ دل کا
دیتا ہے وہی عاجز و بیکس کو سنبھالا

حق اس کے محامد کے بیاں کیسے ہوں تائبؔ
وہ فہم سے برتر ہے، وہ ادراک سے بالا

جل جلالہ

Marfat.com
Marfat.com

حمد

O

موجود بہر سمت ہے اک ذاتِ الٰہی
دیتی ہیں گواہی یہی آیاتِ الٰہی

اجرامِ فلک ہوں کہ نباتات و جمادات
ہر چیز سمجھتی ہے اشاراتِ الٰہی

جتنے بھی کرشمے نظر آتے ہیں نمو کے
ہر آن کیے دیتے ہیں اثباتِ الٰہی

انساں کے حواس اُس کے ہی ارشاد سے قائم
گھیرے ہیں خلائق کو عنایاتِ الٰہی

Marfat.com
Marfat.com

آفاق در آفاق ہیں انوار اُسی کے
امکان در امکان نشاناتِ الٰہی

پابند عناصر ہیں اُسی ذات کے تائب
فطرت میں بھی جاری ہیں ہدایاتِ الٰہی

Marfat.com
Marfat.com

حمد و مناجات

○

خدا کے نامِ نامی سے سخن ایجاد کرتا ہوں
کرم یہ بھی ہے اُس کا میں جو اُس کو یاد کرتا ہوں

اُسی کے ذکر سے پاتا ہوں اطمینان کی دولت
اُسی کی آیتوں سے صحنِ جاں آباد کرتا ہوں

وہی زادِ نفس میرا ، وہی فریادرس میرا
میں جب کرتا ہوں اُس کے سامنے فریاد کرتا ہوں

Marfat.com
Marfat.com

میں عکس اُس کے ہی پاتا ہوں ہر آئینے میں فطرت کے
میں اس کی حکمت وقدرت پہ دل سے صاد کرتا ہوں ۔

مجھے اس میں خوشی اللہ کی محسوس ہوتی ہے
نبیؐ کی نعت سے جب اہلِ حق کو شاد کرتا ہوں

معافی مانگتا ہوں اپنے آقاؐ کے وسیلے سے
میں اپنی جان پر جب بھی کوئی بیداد کرتا ہوں

متاعِ دنیوی سی جنسِ کا سد کے لیے تائبؔ
سکونِ قلب اپنا کیوں عبث برباد کرتا ہوں

~~~~~~~~~~

جل الله

Marfat.com
Marfat.com
~~~~~~~~~~

نعتیہ مناجات

○

کھل جائے مجھ پہ بابِ عنایات اے خدا
دیکھوں دیارِ نور کے دن رات اے خدا

باطن کی آنکھ کو بھی عطا روشنی کریں
ارض اللہ کے سعید مقامات اے خدا

حائل نہ ضعفِ جاں رہے کیفِ حضور میں
رفعت کنار ہو مری اوقات اے خدا

پاکیزہ ہو بدن بھی مودّب ہو روح بھی
پوری ہوں سب کی سب مری حاجات اے خدا

Marfat.com
Marfat.com

ظاہر نہ ہو کسی پہ مرے دل کا ماجرا
پلکوں کی اوٹ میں رہے برسات اے خدا

سارا سفر رضا کا سفر کاش بن سکے
کعبہ سے پاؤں شوق کی خیرات اے خدا

کھل جائیں میرے دل میں نئے زندگی کے باب
دیکھوں عریشِ بدر کے لمعات اے خدا

جا کر درِ حضورؐ پہ پھر پیش کر سکوں
تازہ بتازہ نعت کے نغمات اے خدا

خوانِ کرم پہ بیٹھ کے افطارِ روزہ ہو
یوں اس فقیر کی ہو مدارات اے خدا

Marfat.com
Marfat.com

مابینِ عَیر وثَور ہیں جتنے نِشانِ خیر
تقدیر میں ہوں ان کی زیارات اے خدا

مسجد جو فَتح نام کی دیکھوں اُحد کے ساتھ
ہوں وسعت آشنا مرے جذبات اے خدا

نذرِ سلام اُحد کے شہیدوں کو پیش ہو
قسمت میں پھر کبھی ہوں وہ ساعات اے خدا

تاریخ گر مساجدِ طیبہ کو دیکھ کر
واضح ہو شانِ سیّدِ سادات اے خدا

رکھتی ہے مسجدِ نبوی خاص امتیاز
پائے دل اس میں خاص ہی لذّات اے خدا

Marfat.com
Marfat.com

تازہ خیال میں ہوں قُبّا اور قبلتین
جب رو برو ہو مسجدِ میقات اے خدا

جمعہ ،اجابہ ،رایہ ،غمامہ سی مسجدیں
مجھ کو عطا کریں نئی راحات اے خدا

سیراب قلب و جاں ہوں سرِوادیٔ عقیق
نکلیں تمام قلب کی حسرات اے خدا

کہفِ بنی حرام کے آثار ڈھونڈتے
خندق کے روبرو ہوں نشانات اے خدا

ہو جنتِ بقیع میں اس طور حاضری
زیبِ جبیں ہوں طیبہ کے ذرّات اے خدا

Marfat.com
Marfat.com

بیرِ اُریس و رومہ، عرس و بضاعہ سے
قسمت میں میری کچھ تو ہوں قطرات اے خدا

دیکھوں جو غارِ سجدہ سکوں کی ملے نوید
کٹ جائے سارا عرصۂ ظلمات اے خدا

پھر ہو رسائی مبرکِ ناقہ تلک مری
پیدا ہوں ایسے پھر کبھی حالات اے خدا

ٹھیرا جہاں جہاں مہِ طیبہ کا کارواں
دیکھوں ان آنکھوں سے وہ مقامات اے خدا

تائبؔ فقیر کا رہے پھیرا سدا یہاں
میری یہی ہے عرض و مناجات اے خدا

Marfat.com
Marfat.com

حمدِ باری تعالیٰ

لائقِ حمد حقیقت میں ہے خلّاقِ جہاں
منتظر جس کے اشارے کے ہیں سارے امکاں

اس کے ارشاد سے ذرّوں میں توانائی ہے
اس کے الطاف سے ہے زیست کراں تا بہ کراں

اس کی قدرت کے مظاہر مہ و مہر و مرّیخ
بحر و بر، دشت و جبل اس کی جلالت کے نشاں

بھیجتا رہتا ہے وہ ابر و ہوا کے قاصد
سبزہ و گل سے وہ بھرتا ہے زمیں کا دامن

Marfat.com
Marfat.com

نہ کوئی اس کے سوا حشر کے دن کا مالک
نہ کوئی اس کے سوا دہر میں مختارِ اماں

وہ کسی سے بھی نہیں اور نہ کوئی اس سے
اس پہ بھی رکھتا ہے ہر شخص سے وہ رشتۂ جاں

اس نے آدم کو دیا اپنی نیابت کا شرف
اس کے احسان بھلا سکتا ہے کیسے انساں

منکروں کا بھی وہی رزق رساں ہے تائبؔ
بے نیازی ہے حقیقت میں اسی کو شایاں

Marfat.com
Marfat.com

حمدِ باری تعالیٰ

تسبیح شب و روز رہے نامِ خدا کی
صورت ہے یہی خوب تریں حمد و ثنا کی

اللہ نے بخشی ہے اسے اپنی نیابت
محبوب کچھ اس درجہ ہوا آدمِ خاکی

ہر منظرِ ہستی میں سبھی رنگ ہیں اس کے
ہر عالمِ فانی میں وہی ذات ہے باقی

انسان کا ٹوٹا ہوا دل اس کا ہے مسکن
اس تک ہے رسائی تو فقط حرفِ دعا کی

Marfat.com
Marfat.com

ذکر اس کا کھلاتا ہے سدا روح میں غنچے
محتاج مری طبع نہیں آب و ہوا کی

آئی نہ کمی اس کی عطاؤں میں کسی وقت
ہر چند کہ دانستہ بھی تائبؔ نے خطا کی

☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com

زمزمۂ حمد

نامِ حق سے جو پرچم کھلا حمد کا
رنگ چاروں طرف چھا گیا حمد کا

لحظہ لحظہ ہے شانِ الٰہی نئی
ذائقہ بھی ہے پل پل نیا حمد کا

نیم شب کو بخوم اس کی باتیں کریں
صبحدم چھیڑے نغمہ صبا حمد کا

شامل اس میں خلائق جہاں در جہاں
از ازل تا ابد سلسلہ حمد کا

Marfat.com
Marfat.com

اس کی تسبیح کرتے ہیں سب نجم و گُل
کارواں ہے رواں جا بجا حمد کا

تُو بنَو اس کے امکان آشوب میں
دَور چلتا رہے گا سدا حمد کا

اس کو پھیلانا چاہوں حدِ عمر تک
جب ملے لمحۂ دلکشا حمد کا

حمد کرنے میں احمد سا کوئی نہیں
جسکے دم سے ہے گلشن ہرا حمد کا

کیا خبر ہے کہ تائب وہ مقبول ہو
جو بیاں رہ گیا اَن کہا حمد کا

Marfat.com
Marfat.com

مناجات

الطاف تیرے خَلق پہ ہیں عام اے کریم
تیرے سپرد ہیں مرے سب کام اے کریم

معبود و کار ساز تجھے مانتا ہوں مَیں
مجھ پر رہیں سدا ترے انعام اے کریم

امّت ترے حبیبؐ کی ہے مشکلات میں
وا اس پہ کردے پھر درِ انعام اے کریم

ملّت کے بال و پر کو بچا ہر گرفت سے
پھیلے ہوئے ہیں چاروں طرف دام اے کریم

Marfat.com
Marfat.com

اقوامِ دہر اس سے سبھی فیض یاب ہوں
پھر ارتقاء پذیر ہو اسلام اے کریم

اخلاق کی مہک سے ہوں الفاظ مشکبار
پھیلاؤں یوں رسولؐ کا پیغام اے کریم

دیکھوں طلوعِ فجر کا منظر مدینے میں
مکّہ کی وادیوں میں ہو گر شام اے کریم

تن سے نکل کے روح نثارِ حضورؐ ہو
تائب کا ہو شہیدی سا انجام اے کریم

دنیا کی کشمکش میں رہا ہوں میں بے قرار
خاکِ بقیع میں ملے آرام اے کریم

Marfat.com
Marfat.com

مناجاتیہ

بھیج سکوں کا کوئی جھونکا
دل بے چین ہے بارِ الٰہا

وہ بحران ہے دم گھٹتا ہے
آب و ہوا کا کوئی مداوا

تیرے فضل تری رحمت سے
ذاتی غم ہے مجھ کو گوارا

سخت پریشاں رکھے لیکن
درد و الم ابنِ آدم کا

Marfat.com
Marfat.com

انساں کا انساں ہے دشمن
بجھا بجھا ہے چہرہ چہرہ

اس پر ملتِ بیضا کا غم
بنتا جاتا ہے جاں لیوا

سب اسلامی قوموں پر ہے
پردۂ امن میں ظلم ہمیشہ

مغربیوں کا دامِ معیشت
سخت بہت ہے ہوتا جاتا

یہ تشویش ہے سب سے بڑھ کر
دیس ہے ہر آفت کا نشانہ

دہشت گردی کے عفریت نے
خوف ہے ہر جانب پھیلایا

لوٹ کھسوٹ کی یلغاروں سے
ساری معیشت ہے تہ و بالا

Marfat.com
Marfat.com

وار سے فرقہ واریت کے
قصرِ اخوت میں ہے لرزہ

شورش و سازش کی دیمک نے
چاٹ لیا ہے ہر منصوبہ

امن و اماں ہے درہم برہم
مہنگائی کا بول ہے بالا

مغرب کی زد میں ہے ثقافت
شرم و حیا کا سانس ہے اکھڑا

ہر انساں ہے بیکل و مضطر
مقصدِ زیست ہے بھولا بھولا

میرے خدا اس پاک وطن میں
دینِ محمدؐ کا ہو احیا

عدل و خیر کا دور آجائے
ہر کوتاہی کا ہو ازالہ

Marfat.com
Marfat.com

پھولیں پھلیں اقدارِ ہدایت
نور شریعت کا ہو ہویدا

یک جہتی پیدا ہوجائے
صدق و صفا کا ہو پھر چرچا

ہر ہر موڑ پہ مدِّ نظر ہو
تیرے پاک نبیؐ کا شیوہ

نافذ ہو اسلام دلوں پر
حسنِ عمل کے سب ہوں شیدا

حرمتِ خونِ بشر ہو روشن
ہر ہر دل میں درد ہو پیدا

جو عاشق ہیں ختمِ رسلؐ کے
وہ اپنائیں انؐ کا اسوہ

پائیں فروغ اقدارِ محبت
رنگ ہو ہمدردی کا گہرا

Marfat.com
Marfat.com

تیرہ و تار فضا سے یارب
پھوٹ پڑے سرسبز سویرا

ایک ہوں سارے اہلِ ایماں
زیرِ قیادت ان کے ہو دنیا

وہ اسلام کا رنگ جمائیں
ہوجائے ہر سمت اجالا

جذبۂ خدمت دل میں بسائیں
لہرائیں احساں کا پھریرا

ہر صورت ہو نکھری نکھری
ہر منظر ہو اجلا اجلا

Marfat.com
Marfat.com

سبھ تعریفاں تیرے لئی نیں سوہنیا ربّا
ہر جگ دی ہر شے نوں پالن والیا ربّا

توُں رحمٰن، رحیم تے توں ای حشر دا مالک
ہر کوئی صرف عبادت تیری کردا ربّا

ہر کوئی ربّا نیریاں ای امداداں لوڑے
سانوں دسیں رستہ سِدّھا پدھرا ربّا

رستہ اوہناں لوکاں دا توں جنہاں اُتّے
دان انعاماں اکراماں دا کیتا ربّا

دسیں نہ اوہناں دا رستہ جنہاں اُتّے
تیرے قہر غضب دا جھکھڑ جھُلیا ربّا

نہ دسیں راہ اوہناں دا جو پتّے کوراہے
ایہہ عرضاں کر پوریاں ربّا سبھ دیا ربّا

Marfat.com
Marfat.com

ربّ سچّے دیاں اُچیاں شاناں آنہیں سکدیاں وچ بیاناں

گن سکّن اوہدے فضلاں نوں کداس قابل ہین زباناں

اوہدی وڈیائی کردی اے ہر شے وچ زمین اسماناں

رزق پچاوے تھاں تھاں اوہنوں جوجوشے اے وچ جہاناں

وچ فضاواں پکھواں تائیں کیڑے تائیں وچ چٹاناں

اوہدی قدرت دے گُن گاون جثیاں اندر وسدیاں جاناں

اوسے دے ناویں نیں تائب

من وبجھل دیاں سبھے تاناں

Marfat.com
Marfat.com

مان میں کس تے کراں تیرے بِناں
کون اے میرا سائیاں تیرے بِناں

اِک نمانی جان تے سو مُشکلاں
کٹے کون ایہہ بیڑیاں تیرے بِناں

غم دیاں دُھپّاں دے وِچ سر تے مرے
کِس دی رحمت دی اے چھاں تیرے بِناں

باجھ تیرے کِس دے دروازے تے جاں
کوئی وی نہیں میری تھاں تیرے بناں

سچی اِک تیری محبّت مالکا!
جھُوٹھیاں سبھ یاریاں تیرے بِناں

Marfat.com
Marfat.com

چُن لئی مَیں تیرے پیارے دی شنا
کس ایہہ سُوجھاں بخشیاں تیرے بِناں

سیّدا! دیندا اے رُوحاں نوں قرار
بعد ربّ دے کِس داناں تیرے بِناں

موئے مُکّے ہوئے اِنساناں دیاں
قِسمتاں کِس بدلیاں تیرے بِناں

چمکیاں راہواں ترے قدماں دے نال
سُنجیاں سن منزلاں تیرے بِناں

توں جد آیوں دھرت دے جاگے نصیب
اُجڑے اُجڑے سن گراں تیرے بِناں

ربّ نے دِتیاں نہیں کِسے وی شخص نوں
بخششاں دیاں کُنجیاں تیرے بناں

چنّا! جاگو میٹیاں وِچ آکدی
کھان راتاں کالیاں تیرے بِناں

Marfat.com
Marfat.com

اسم اللہ دا لب تے کھڑیا اللہ اللہ اللہ ہو
اندر باہر تے سجے کھبے چانن کیتا اللہ ہو

تارا تارا' پتا پتا دم دم کہندا اللہ ہو
فکروں اُچّا ہوکے ذکر دا ابدی جھرنا اللہ ہو

ازلی جلوہ جس دا پل پل نواں نرویا اللہ ہو
سب توں وکھرا پر مخلوق اچ رچیا رسیا اللہ ہو

زندہ' قائم دائم سب دا پالن ہارا اللہ ہو
زور دلاں دا' نور زمین اسماناں والا اللہ ہو

جنّاں' انساناں دا اکو سنگ سہارا اللہ ہو
تائب تھئے ہوئے دل وچ جس دا ڈیرا اللہ ہو

جل جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

فجر دے رنگ ثنا تیری کرن یا اللہ
وا دے مردنگ ثنا تیری کرن یا اللہ

سب جہاناں نوں بنا کے تے چلاندا توں ایں
پُھل تے پُھل سنگ ثنا تیری کرن یا اللہ

قافلے رنگاں تے خوشبواں دے توں ٹورنا ایں
رُت دے سب انگ ثنا تیری کرن یا اللہ

تھل دے تھل نہیریاں دے رات دیاں چپاں وچ
تاریاں سنگ ثنا تیری کرن یا اللہ

گھیر صحراواں خلاواں دے تے اساناں دے
ہوکے سب دنگ ثنا تیری کرن یا اللہ

جل جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

اللہ سوہنا اپنیاں صفتاں آپ سناوے
اوسے صفتاں والے نوں ہر مان سہاوے

اللہ سوہنا آپ اے ہر ہر شے دا جوہر
ہر ہر شے وے وچ اوہ اپنی جھلک دکھاوے

اللہ سوہنا سپیاں تائیں موتی دیوے
بے شکلی وے وچوں کیہ کیہ شکل بناوے

اللہ سوہنا بدلاں والے قاصد گھلے
اوہدے حکموں اک رُت جاوے اک رُت آوے

اللہ سوہنا شاخاں تائیں دوے قباواں
ننگی دھرتی تائیں سبزے نال سجاوے

جل جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

اللہ سوہنا کھیت کھیت ہریالی ونڈے
کلیاں، پھُل تے میوے ڈالی ڈالی ونڈے

اللہ سوہنا وادی وادی رنگ کھلارے
بیلے بیلے نگر نگر خوشحالی ونڈے

اللہ سوہنا راتاں وچوں دن پنگراوے
شام سویرے لہندے چڑھدے لالی ونڈے

امبر اتے تاریاں والے دیوے بالے
راہواں دے وچ چھاواں پالو پالی ونڈے

اوہدی کیہڑی کیہڑی نعمت گنیے تائب
خبرے کیہ کجھ جگ وچ جگ دا والی ونڈے

جل جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

سب توں وڈا اللہ سوہنا
اچا سچا اللہ سوہنا

آپ خیالاں نوں رہ دیوے
ایڈا سوہنا اللہ سوہنا

مخلوقاں وچ رچیا وسیا
سب توں وکھرا اللہ سوہنا

امکاناں دی طاقی دے وچ
جگدا دیوا اللہ سوہنا

سبناں تائیں رزق پچاوے
کلّم کلّا اللہ سوہنا

Marfat.com
Marfat.com

مُلک دا مالک، حشر دا مالک
شاناں والا اللہ سوہنا

ہر ہر حمد ثنا دے لائق
تائب ساڈا اللہ سوہنا

جل جلالہٗ

Marfat.com
Marfat.com

ربا!

میں دنیا دے کھوبے اندر
گوڈے گوڈے کھبیا ہویا
تینوں رازق' عادل' قادر
سمجھدیاں وی
پٹھیاں سدھیاں جتناں
تے فکراں وچ
ہر دم ڈبیا ہویا
تیرے حکماں توں منہ موڑ کے
خبرے کدھر ٹردا جاواں
ویلے توں کھوہ کے
کجھ گھڑیاں
دھیان ترے ول لان دی خاطر
جد میں تیرے گھر ول جاواں
نال ای جاون سوچ بلاواں
تیرے گھر دے بوہے ولوں
اٹھدیاں فریاداں تے کوکاں
لگن مینوں وانگ بندوقاں
دھیان ترے ول کیویں لاواں
میں کمزور ایمان دا بندہ
ربا زوراں والیا ربا!

Marfat.com
Marfat.com

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

(اُردُو ، پنجابی)

منظور تھی یہ شکل تجلّی کو نور کی
قسمت کھلی ترے قدوخ سے ظہور کی

(غالب)

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

آیۂ نور

جب کیا میں نے قصدِ نعتِ حضورؐ — ہوئے یکجا شعور و تحتِ شعور
روحِ ممدوح دستگیر ہوئی — شاملِ جاں تھا لطفِ ربِّ غفور
